© rasailojaraid.com

ہیں۔ مقالہ کی نوعیت سے متعلق مفید نوٹ بھی لکھے ہیں۔ اور اگر کسی مقالہ میں کچھ غلطیاں ہیں تو ان کی نشاندہی کی ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر ذاکر حسین کے مقالہ میں غلطیوں کے انبار لگے ہوئے ہیں۔ بہرحال کتاب دلچسپ مطالعہ کے لائق اور تاریخ ادب اردو کے طالب علم کے لئے ضروری ہے۔

ہندوستانی مسلمانوں کے بھارتیہ کرن کا مسئلہ از جناب عابد رضا بیدار تقطیع متوسط ضخامت ۷۵ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت مجلد -/۵ پتہ: مسلم پروگریسیو گروپ اے-۱۱ نظام الدین (ویسٹ) نئی دہلی۔

آج کل مسلمانوں کے بھارتیانے کا مسئلہ عام اخبارات اور گفتگوؤں کا ایک دلچسپ موضوع بنا ہوا ہے۔ اس کتاب میں بیدار صاحب نے اس نظریہ کے موافق اور مخالف دونوں طبقوں کے افکار ونظریات اور ان کے دلائل و براہین کا تحلیلی اور تنقیدی جائزہ لیا ہے کتاب میں بہت سی باتیں کام کی آگئی ہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ بیدار صاحب کا طرز نگارش اس درجہ ژولیدہ اور الجھا ہوا ہے کہ عام لوگ اس کو نہ دلچسپی سے پڑھ سکتے ہیں اور نہ مقالہ نگار کے مفہوم تک آسانی سے پہنچ سکتے ہیں۔ موصوف بڑی اچھی صلاحیتوں کے نوجوان ہیں لیکن ابھی ان کی اصلاح کی بڑی ضرورت ہے۔

قرآن سے ستاروں تک از مولوی محمد عبد اللہ دہلوی تقطیع خورد کتابت وطباعت بہتر ضخامت دوسو صفحات۔ قیمت مجلد تین روپے پتہ:۔ مکتبۂ نور۔ حضرت نظام الدین اولیا۔ نئی دہلی -۱۳

کتاب کا موضوع نام سے ظاہر ہے۔ یہ بھی اس سلسلہ میں ایک سنجیدہ کتاب ہے۔ جس میں قرآن واحادیث سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ سائنس کے یہ انکشافات ہرگز قرآن کے خلاف نہیں ہیں۔ بلکہ اس کی تعلیمات کے مطابق ہیں۔ کتاب لائق مطالعہ اور دلچسپ ہے۔

© rasailojaraid.com